یہ کام صرف اتنا ہی نہیں ہے کہ ہمارا قومی و ملکی ماحول بدل جائے، بلکہ ملکی و قومی ماحول کو آلودگیوں سے پاک رکھنے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے دورِ تہذیب اور اپنے بین الاقوامی ماحول کو بدلنے کے لیے بہت بڑے پیمانے پر جد و جہد کی جائے۔

کمالِ تقویٰ و تزکیہ تک پہنچنے کی واحد راہ یہی ہے!

اجتماعِ عام جماعتِ اسلامی پاکستان

بمقام کراچی بتاریخ ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳ رنومبر ۱۹۵۱ء

مجلس شوریٰ جماعت اسلامی پاکستان نے اپنے اجلاس منعقدہ یکم تا چار ستمبر ۱۹۵۱ء میں فیصلہ کیا ہے کہ جماعت کا آئندہ اجتماع عام کراچی میں ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳ رنومبر ۱۹۵۱ء مطابق ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ ر صفر ۱۳۷۱ھ بروز ہفتہ، اتوار، پیر، منگل منعقد کیا جائے ـــــ اس اجتماع میں تمام ارکان جماعت کی شرکت لازم ہوگی۔ الا یہ کہ کوئی عذر شرعی مانع ہو۔ مشرقی پاکستان کے ارکان اور خواتین کے لیے شرکت لازم نہیں ہوگی لیکن اگر وہ شریک ہونا چاہیں تو اپنے اس ارادے کی اطلاع ناظم اجتماع کو بھیج دیں۔ ان کے لیے انتظام کیا جائیگا۔ متفقین اور جماعت سے دلچسپی رکھنے والے دوسرے حضرات کے لیے ہماری طرف سے دعوتِ عام ہے کہ وہ حتی الامکان ضرور تشریف لائیں اور جماعت کو، اس کے اب تک کے کام کو اور آئندہ پروگرام کو بلا واسطہ سمجھنے کی کوشش کریں۔

کراچی باہر سے تشریف لانیوالے تمام شرکاء اجتماع کیلیے قیام و طعام کا انتظام جماعت کی طرف سے کیا جائیگا۔ اور مصارف طعام کیلیے پانچ روپے فی کس وصول کیے جائینگے۔ الا یہ کہ کوئی شخص اپنے کھانے کا انتظام خود کرنا چاہے۔ ارکان جماعت کیلیے اجتماع کے چار دن جماعت کی قیامگاہ میں رہنا بہر حال لازم ہوگا۔ وہ تمام حضرات جو اس اجتماع میں شرکت کا ارادہ رکھتے ہوں اپنے اس ارادے سے قیم جماعت اسلامی حلقہ سندھ و کراچی چودھری غلام محمد صاحب ۹ نیا بلڈنگ آرام باغ روڈ، کراچی کو مطلع کر دیں اور اس میں اس امر کی واضح طور پر صراحت کر دیں کہ وہ جماعت کے قیام و طعام کے انتظام میں شریک ہونگے یا اپنا انتظام کرینگے۔ اس اطلاع کی ایک نقل انہیں اپنے ضلع کے امیر کو بھی بھیجنی چاہیے۔ مناسب یہ ہوگا کہ ایک مقام سے شریک ہونے والے تمام حضرات یہ اطلاع حتی الامکان یکجا روانہ کریں۔

خاکسار طفیل محمد قیم جماعت اسلامی پاکستان۔ اچھرہ۔ لاہور